تعارف وتبصرہ

عہدنبوی کا نظام حکومت

پروفیسر محمد یٰسین مظہر صدیقی

صفحات ۱۲۸ قیمت ۳۰ روپئے۔ ناشر: ادارہ تحقیق وتصنیف اسلامی علی گڑھ

پروفیسر محمد یٰسین مظہر صدیقی کو سیرت نبوی کے مطالعہ سے خاص شغف ہے جس کا اظہار اس موضوع پر ان کی متعدد تحریروں سے ہوتا ہے۔ زیر نظر کتاب سے پہلے اسی موضوع پر "عہد نبوی میں تنظیم حکومت وریاست" کے نام سے ان کی ایک ضخیم اور مفصل تصنیف منظر عام پر آچکی ہے۔ علمی حلقوں میں یہ قدر کی نگاہوں سے دیکھی گئی۔ اس تازہ ترین تصنیف میں مذکورہ بالا کتاب کے تمام ہی اہم نکات کو انتہائی جامعیت اور اختصار کے ساتھ سمویا گیا ہے۔ یہ کتاب ریاست نبوی کے تدریجی ارتقا، اس عہد کا شہری نظم ونسق، فوجی، مالی اور مذہبی نظام جیسے مباحث کا احاطہ کرتی ہے۔ اس ریاست کے نظم ونسق کو چلانے کے لیے ذمہ داریوں اور مناصب کی کتنی قسمیں تھیں۔ مختلف مناصب پر کن افراد کی تقرری ہوئی، ان کی تقرری کی نوعیت کیا تھی۔ ان تقرریوں میں کن اوصاف کا لحاظ رکھا جاتا تھا۔ ان کا تفصیلی بیان ہے۔ گورنروں، عاملین صدقات، افسران فوج، ائمہ مساجد، موذنین، معلمین، مبلغین، مفتیان نبوی غرض ایک دینی ریاست میں جتنے شعبے ہو سکتے ہیں ان کی مختلف سطحوں پر جن افراد سے ذمہ دارانہ مناصب پر کام لیے گئے ان کا ذکر ہے۔ ان کی تقرری کے باب میں دینی اوصاف شعبہ جاتی صلاحیتوں کے تجزیہ سے لے کر خونی قرابت اور قبائلی تعلق کے اعتبار سے بھی تجزیہ کیا گیا ہے جن سے یہ بات نکھر کر سامنے آجاتی ہے کہ تقرریوں میں بنائے ترجیح کیا تھی؟

مصنف کی تمام تحریروں کی یہ خصوصیت ہے کہ وہ کوئی بات بلا حوالہ اور سند نہیں کہتے۔ اس کتاب میں بھی پیش نظر موضوع پر احادیث، سیرت اور تاریخ کی کتابوں میں جو بھی مواد موجود ہے اسے حوالہ کے ساتھ جمع کر دیا گیا ہے۔ ۱۲۸ صفحات کی اس کتاب میں ۲۷ صفحات حوالوں اور حواشی کے لیے وقف ہیں۔

یہ کتاب ان مصروف افراد کے لیے ایک قیمتی تحفہ سے کم نہیں جن کے پاس مفصل اور ضخیم کتابوں کے مطالعہ کے لیے وقت نہیں ہے۔

ادارۂ تحقیق و تصنیف نے اسلامیات کے مختلف شعبوں پر جو گراں قدر کتابیں شائع کی ہیں یہ کتاب ان میں ایک قابل قدر اضافہ ہے جس کے لیے مصنف کے ساتھ ساتھ ادارہ کے کارکنان بھی مبارکباد کے مستحق ہیں۔ (ڈاکٹر منور حسین فلاحی)

مکتبہ تحقیق و تصنیف اسلامی علی گڑھ

مکتبہ تحقیق و تصنیف اسلامی نے اپنی اردو اور انگریزی مطبوعات کے علاوہ دیگر اہم مکتبوں کی بلند پایہ علمی و دینی کتب کی فراہمی کا انتظام کیا ہے۔ تفسیر، حدیث، سیرت اور تاریخ اسلام سے متعلق چند اہم کتب کی فہرست دی جا رہی ہے۔ ان کے علاوہ دیگر کتب بھی یہاں سے فراہم کی جا سکتی ہیں۔ منیجر

فی ظلال القرآن اول	۱۲۰/-	تدوین حدیث (مولانا مناظر احسن گیلانی)	۱۱۶/-
" دوم	۸۵/-		
" سوم	۱۰۰/-	تاریخ الخلفاء (امام سیوطی)	۷۵/-
" چہارم	۱۲۰/-		
" پارہ عم	۹۰/-	مقدمہ ابن خلدون ۲ جلدیں	۱۵۰/-
تفہیم القرآن مکمل ۶ جلدیں	۶۸۰/-	سیرت النبی (ابن ہشام) ۲ جلدیں	۲۲۵/-
تلخیص تفہیم القرآن	۱۷۵/-	رحمۃ للعالمین	۱۴۰/-
ترجمۂ قرآن (مختصر حواشی)	۱۱۰/-	سیرت سرور عالم مولانا مودودیؒ اول دوم	۱۹۰/-
تفسیر ابن کثیر مکمل	۴۷۰/-	الفاروق	۳۰/-
بخاری شریف مکمل (مترجم)	۵۴۰/-	حیات ابوحنیفہ (ابو زہرہ مصری)	۷۵/-
مسلم شریف "	۳۹۰/-	رسول رحمت (ابوالکلام آزاد)	۱۲۵/-
ترمذی شریف دو جلدیں	۲۶۰/-	انبیاء کرام "	۴۰/-
ابوداؤد شریف ۳ جلدیں	۲۹۰/-	محمد رسول اللہ (توفیق الحکیم)	۵۰/-
سنن ابن ماجہ	۱۹۰/-	تاریخ افکار و علوم اسلامی اول و دوم	۷۰/-
سنن نسائی	۲۹۰/-	سیرت النبی (علامہ شبلی نعمانی و سید سلیمان ندوی) مکمل	۳۰۰/-

پان والی کوٹھی، دودھ پور، علی گڑھ ۲۰۲۰۰۲